## PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

## PRIVILEGE MOTION

**Session** 9th
**Notice No.** 57
**Received Dated** 19/08/2026
**Department** Inter Provincial Coordination.

**منجانب: محترمہ مہرسلطانہ صاحبہ، ایم پی اے**

میں، بطور ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا، ضلع کرک کے عوامی مسائل، بالخصوص بجلی سے متعلق شکایات اور مشکلات کے ازالے کے لئے متعدد مرتبہ محکمہ واپڈا کے متعلقہ ایکسین سے رجوع کر چکی ہوں، تاہم موصوف نے نہ صرف عوامی مسائل کے حل میں عدم دلچسپی کا مظاہرہ کیا بلکہ میری جانب سے بارہا توجہ دلانے کے باوجود کوئی مؤثر اقدام نہیں اٹھایا۔ صورتحال کی سنگینی کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ متعلقہ محکمے کے چیف ایگزیکٹو کی جانب سے بھی مذکورہ ایکسین کو میری شکایات اور ضلع کرک کے عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے ضروری ہدایات اور تاکید کی گئی، لیکن اس کے باوجود موصوف کے رویے اور طرز عمل میں کوئی بہتری نہیں آئی۔

مزید براں، گزشتہ روز جب میرے پرسنل اسسٹنٹ نے عوامی مسائل کے حوالے سے میرے کہنے پر متعلقہ ایکسین سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا تو موصوف نے انتہائی غیر شائستہ، تحقیر آمیز اور نامناسب لہجے میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ" کون سی ایم پی اے اور کس چیز کی ایم پی اے ؟ روز روز آپ واپڈا کے اڈے اڈے کی گردان کرتے رہتے ہیں، آپ کے ایم پی اے کا کوئی اور کام نہیں ہے کیا؟ "مذکورہ الفاظ نہ صرف ایک عوامی نمائندے کی توہین اور تضحیک کے مترادف ہیں بلکہ معزز ایوان کے استحقاق کو بھی مجروح کرتے ہیں۔

مذکورہ طرز عمل نے نہ صرف ایک ممبر صوبائی اسمبلی کے استحقاق کو نقصان پہنچا ہے بلکہ عوامی مسائل کے حل کیلئے منتخب نمائندے کے آئینی و جمہوری کردار کی بھی توہین ہوئی ہے، لہٰذا متعلقہ ایکسین کا یہ رویہ استحقاق مجروح کرنے کے زمرے میں آتا ہے۔

لہٰذا میں تحریک استحقاق پیش کرتی ہوں کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اس کو متعلقہ استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے تاکہ مذکورہ افسر کے نامناسب، غیر شائستہ اور تحقیر آمیز رویے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور قانون و قواعد کے مطابق مناسب کارروائی عمل میں لائی جائے۔